CODE: 57

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (تاریخ)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات، مئی 2026

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر اُمیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوال نامہ (**28**) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جاسکتا ہے۔
3. سوال نامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار آپشنز ہیں۔ امیدوار صحیح جواب کا انتخاب کریں اور OMR شیٹ پر نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کریں۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد کیے گئے ہیں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوال نامہ لے جائیں۔ OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کر دیں۔

***

CODE: 57

# Part A

## Section 1 – Research Methodology

1. ایڈورڈ گبن کے تاریخ نویسی کے نظریے کو کس پس منظر میں سب سے بہتر سمجھا جاسکتا ہے؟

(A) مارکسزم

(B) روشن خیالی

(C) رومانویت

(D) اثباتیت

2. درست جواب منتخب کریں:

دعویٰ :(A) اثباتی مورخین کی رائے ہے کہ ماضی کی معروضی تشکیل نو ممکن ہے۔

دلیل :(R) وہ بنیادی ماخذ کو حقائق کے ذخیرے کے طور پر دیکھتے ہیں جن میں ہم عصر دور کے تجربات محفوظ ہوتے ہیں۔

(A) A اور R دونوں درست ہیں، اور R ، A کی صحیح وضاحت ہے

(B) A اور R دونوں درست ہیں، لیکن R ، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے

(C) A درست ہے، مگر R غلط ہے

(D) A غلط ہے، مگر R درست ہے

3. درج ذیل میں سے کون سی چیز اثباتی طرزِ تاریخ نویسی کی تعریف نہیں کرتی؟

(A) سائنسی معروضیت

(B) اضافیت

(C) حقائق خود بولتے ہیں

(D) آثاریاتی (Archival) مواد پر حد سے زیادہ انحصار

CODE: 57

4. درج ذیل کو ملائیں:

| | مصنفین | | کتابیں |
|---|---|---|---|
| .a | کارلو گنزبرگ | .i | The Cheese and the Worms |
| .b | مشیل فوکو | .ii | Discipline and Punish |
| .c | آرتھر ماروک | .iii | The Historian's Craft |
| .d | مارک بلوخ | .iv | The Nature of History |

(A) a–i, b–ii, c–iv, d–iii
(B) a–ii, b–i, c–iv, d–iii
(C) a–i, b–iv, c–iii, d–ii
(D) a–iv, b–ii, c–iii, d–i

5. درج ذیل میں سے کون سا تصور تاریخ کے مابعد جدید نقطہ نظر کی بہترین تعریف ہے؟

(A) ماضی کے معروضی تشکیل نو پر یقین
(B) مستقل اور آفاقی سچائی کی تلاش
(C) تاریخ ایک بیانیہ ہے جو زبان اور طاقت سے تشکیل پاتا ہے
(D) سائنسی جبریت پر زور

6. درج ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے؟

(A) Reliability سے مراد نتائج کا یکساں ہونا ہے
(B) Correlation صرف تعلق ظاہر کرتا ہے، سبب و مسبب نہیں
(C) Literature review سابقہ تحقیق کا تنقیدی جائزہ لیتا ہے اور خلا واضح کرتا ہے
(D) تحقیقی مفروضہ بہترین تحقیقی طریقہ بھی تجویز کرتا ہے

7. درج ذیل کتابوں کو زمانی لحاظ سے ترتیب دیں:

(i) فتوح السلاطین
(ii) شاہ نامہ
(iii) طبقاتِ ناصری
(iv) تاج المآثر

(A) ii, iv, iii, i
(B) ii, iii, iv, i
(C) iv, ii, iii, i
(D) iv, iii, i, ii

**CODE: 57**

8. درج ذیل میں سے تصوف کی کون سی کتاب میں حضرت محمد ﷺ کے زمانے سے صوفیوں کی سوانح پیش کی گئی ہے؟

(A) فوائد الفواد (B) عوارف المعارف

(C) سیر العارفین (D) کشف المحجوب

9. جدید آثار قدیمہ (New Archaeology) کس علم سے قریب تر سمجھا جاتا ہے۔

(A) قدیم امراضیات (B) بشریات

(C) علم الاحجار (D) میدانی آثار قدیمہ

10. اداروں کو ان کے مقامات سے ملائیں:

| | ادارہ | | مقام |
|---|---|---|---|
| .i | پنڈت دین دیال انسٹی ٹیوٹ آف آرکیالوجی | .a | ناگپور |
| .ii | نیومیسمیٹک سوسائٹی آف انڈیا | .b | میسور |
| .iii | ASI عربی فارسی کتبات کی شاخ | .c | واراناسی |
| .iv | ASI سنسکرت ودراوڑی کتبات کی شاخ | .d | نوئیڈا |

(A) i–a, ii–b, iii–c, iv–d (B) i–d, ii–c, iii–a, iv–b

(C) i–d, ii–b, iii–c, iv–a (D) i–a, ii–d, iii–c, iv–b

11. عالمی آثارِ قدیمہ کانگریس (World Archaeology Congress) کتنے سال بعد منعقد ہوتی ہے؟

(A) 2سال (B) 3سال

(C) 4سال (D) 5سال

12. "پگوڈا" کی اصطلاح کس کے لیے استعمال ہوتی ہے؟

(A) وجے نگر کے سونے کے سکے

(B) کاکتیہ کے چاندی کے سکے

(C) کاکتیہ کے سونے اور چاندی دونوں سکوں کے لیے

(D) وجے نگر کے سونے اور چاندی دونوں سکوں کے لیے

CODE: 57

13. دعویٰ (A): محمد بن سام نے وسطی ہندوستان سے دیوی لکشمی کی تصویر اور دیوناگری رسم الخط والے سکے جاری کیے۔

دلیل (R): دیوی لکشمی کی تصویر والے سکے جاری کرنا پہلے سے رائج سکوں کی روایت کا تسلسل سمجھا جاتا ہے۔

(A) A اور R دونوں درست ہیں، اور R، A کی صحیح وضاحت ہے

(B) A درست ہے، لیکن R، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے

(C) A اور R دونوں غلط ہیں

(D) A غلط ہے، لیکن R درست ہے

14. 1000 عیسوی سے پہلے کی ہندوستانی تاریخ بنیادی طور پر کس پر مبنی ہے؟

(A) کتبہ شناسی (Epigraphy)

(B) سکّہ شناسی (Numismatics)

(C) آثارِ قدیمہ

(D) فنِ تعمیر

15. جوڑ ملائیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| .a | Richard Solomon | .i | قدیم ہندوستانی تاریخ |
| .b | Edward Thomas | .ii | قرونِ وسطیٰ ہندوستانی تاریخ |
| .c | W.H. Moreland | .iii | سکّہ شناسی |
| .d | A.L. Basham | .iv | کتبہ شناسی |

(A) a–iii, b–i, c–iv, d–i

(B) a–iv, b–iii, c–ii, d–i

(C) a–iii, b–ii, c–i, d–iv

(D) a–iv, b–iii, c–i, d–ii

16. غلط جواب کی نشاندہی کریں:

(A) ابن خلدون اسلامی دنیا کے عظیم مفکر تھے، ان کی پیدائش تیونس میں ہوئی

(B) اپنی کتاب کے مقدمہ (Muqaddima) میں انہوں نے علمِ تاریخ اور معاشرتی ارتقا پر روشنی ڈالی

(C) ان کی کتاب "کتاب العبر" تین بڑی کتابوں پر مشتمل ہے

(D) کتاب العبر میں مصنف کے بارے میں کچھ ذکر نہیں

**CODE: 57**

17. دعویٰ (A): کلہن کی "راج ترنگنی میں برہمن، راجپوت، ڈومبا، چھوت چھات کے شکار چنڈال، عورتوں اور مردوں کی خوراک، لباس، شہروں کی بنیاد، مندروں، ترتھ استھل، وہار، مٹھ کی تعمیر کی معلومات کے علاوہ کئی اور معلومات فراہم ہوتی ہے۔

دلیل (R): کلہن کی راج ترنگنی کو معلومات کا ایک خزانہ تصور کیا جاسکتا ہے۔

(A) A اور R دونوں درست ہیں، اور A، R کی صحیح وضاحت ہے

(B) A درست ہے، لیکن A، R کی صحیح وضاحت نہیں ہے

(C) A اور R دونوں غلط ہیں

(D) A غلط ہے، لیکن R درست ہے

18. درج ذیل میں سے کون اکبر کے دربار سے وابستہ نہیں تھا؟

(A) Ralph Fitch
(B) Monserrate
(C) Rafiullah Shirazi
(D) Peter Mundy

19. غلط بیان کی نشان دہی کریں :

(A) کیٹو نے رومی تاریخ نویسی میں انقلاب برپا کیا

(B) کیٹو کی تصنیف سات جلدوں پر مشتمل ہے

(C) Tacitus رومی تاریخ نویسی کا سب سے بڑا نام ہے

(D) تھوسیڈائڈیز کے بعد لیوی کو سب سے بڑا یونانی مورخ مانا گیا

20. تحقیقی عمل (Research Process) کا پہلا مرحلہ کون سا ہے ؟

(A) معلومات جمع کرنا
(B) معلومات کا تجزیہ
(C) تحقیقی مسئلے کی تشکیل
(D) لٹریچر ریویو(Literature Review)

21. درج ذیل میں سے کون سی معیاری تحقیق (qualitative research) کی مثال ہے؟

(A) عددی اعداد و شمار پر مبنی سروے
(B) مردم شماری کے اعداد و شمار کا شماریاتی تجزیہ
(C) تفصیلی انٹرویوز اور مشاہدات
(D) تجربہ گاہ میں تجربہ

**CODE: 57**

22. تحقیق میں literature review کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) بنیادی اعداد و شمار جمع کرنا
(B) نتائج کو بغیر تجزیے کے خلاصہ کرنا
(C) موجودہ تحقیق کو سمجھنا اور خلا کی نشاندہی کرنا
(D) آخری نتائج پیش کرنا

23. لوگوں کے ذاتی تجربات اور یادداشتوں کے مطالعے کے لیے کون سا طریقہ سب سے موزوں ہے؟

(A) تجرباتی طریقہ
(B) زبانی تاریخ (Oral History)
(C) شماریاتی ماڈلنگ
(D) تقابلی لسانیات

24. تاریخی تحقیق میں تنقیدِ ماخذ (source criticism) کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) تمام ماخذ کو رد کرنا
(B) ماخذ کی صداقت اور اعتماد کی جانچ کرنا
(C) قدیم متون کا ترجمہ کرنا
(D) ماخذ کا خلاصہ پیش کرنا

25. درج ذیل میں سے ثانوی ماخذ (secondary source) کون سا ہے؟

(A) سرکاری آرکائیوز کی دستاویز
(B) ذاتی ڈائری
(C) کسی مورخ کا لکھا ہوا تحقیقی مضمون
(D) کتبے (Inscriptions)

## Section-II History

26. دعویٰ (A): موریہ سلطنت میں "سَنّی دھاتا" محصول وصولی کا ذمہ دار تھا۔
دلیل (R): زمین سے حاصل ہونے والا محصول موریہ ریاست کی آمدنی کا بڑا ذریعہ تھا۔

(A) A اور R دونوں درست ہیں، اور R ، A کی صحیح وضاحت ہے
(B) A اور R دونوں درست ہیں، لیکن R ، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے
(C) A درست ہے، مگر R غلط ہے
(D) A غلط ہے، مگر R درست ہے

**CODE: 57**

27. بدھ مت کی کتاب "تری پٹک" کس زبان میں لکھی گئی؟

(A) سنسکرت
(B) پراکرت
(C) پالی
(D) اپ بھرنش

28. چولا سلطنت کے انتظامیہ کی تفصیل کس متن میں ملتی ہے؟

(A) امکتامالیا
(B) اترامیرور کتبہ
(C) ایہول کتبہ
(D) ہتھی گمفا کتبہ

29. سہ فریقی جدوجہد (Tripartite Struggle) کن خاندانوں کے درمیان تھی؟

(A) چولا، چیرا، پانڈیا
(B) پرتیہار، پال، راشٹرکوٹ
(C) موریہ، گپت، کشان
(D) چالوکیہ، پلوا، ہوئسالا

30. دعویٰ :(A) گپتا دور میں افسروں کو تنخواہ کے بجائے زمین دینے کی روایت سے جاگیرداری (Feudalism) کو فروغ ملا۔
دلیل :(R) اس سے شہری مراکز کی ترقی ہوئی۔

(A) A اور R دونوں درست ہیں، اور R ، A کی صحیح وضاحت ہے
(B) A اور R دونوں درست ہیں، لیکن R ، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے
(C) A درست ہے، مگر R غلط ہے
(D) A غلط ہے، مگر R درست ہے

31. مندرجہ ذیل میں کون ہم عصر نہیں تھا؟

(A) شیخ ابوالنبی
(B) شیخ احمد سرہندی
(C) یحییٰ سرہندی
(D) فتح اللہ شیرازی

**CODE: 57**

32. غلط بیان کی نشاندہی کریں:

(A) ہر مغل بادشاہ نے ایک طاقتور امراءطبقہ برقرار رکھا

(B) اکبر کے دور میں امراء مختلف طبقاتِ سماج کی نمائندگی کرتے تھے

(C) اورنگزیب کے دور میں امراء صرف مسلمانوں تک محدود تھے

(D) A اور C غلط ہیں

33. ہندوستانی کتبوں (Inscriptions) کی نوعیت اور مقصد سے متعلق بہترین وضاحت کون سی ہے؟

(A) شاہی فرمان

(B) بادشاہ کی کامیابیوں کی یادگار تحریر

(C) برہمنوں کے حق میں عطیہ نامہ

(D) یہ سبھی

34. درج ذیل واقعات کو زمانی اعتبار سے ترتیب دیں

(A) ہندوستان میں ریلوے کا آغاز

(B) ستی کا خاتمہ

(C) بمبئی اور مدراس یونیورسٹی کا قیام

(D) اینگلو اورینٹل کالج

(A) ii, i, iii, iv

(B) i, ii, iii, iv

(C) ii, iii, iv, i

(D) ii, iv, iii, i

35. درج ذیل میں سے کس کا تعلق خواتین کی رسمی تعلیم سے نہیں ہے ؟

(A) ساوتری بائی پھولے

(B) رقیہ سخاوت حسین

(C) صغریٰ ہمایوں

(D) ماہ لقا بیگم

CODE: 57

36. جوڑ ملائیں :

| | | | |
|---|---|---|---|
| .i | کاکتیہ | .a | گووندورما اول |
| .ii | یادو | .b | پرتاپ رودر |
| .iii | وشنوکنڈن | .c | سنگھنا دوم |
| .iv | مشرقی چالوکیہ | .d | وشنوردھن اول |

(A) i-b, ii-c, iii-a, iv-d
(B) i-a, ii-b, iii-c, iv-d
(C) i-d, ii-b, iii-c, iv-a
(D) i-b, ii-d, iii-c, iv-a

37. جوڑ ملائیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| .i | حضرت محل | .a | ورنگل |
| .ii | رانی دیدا | .b | بھوپال |
| .iii | قدسیہ بیگم | .c | لکھنؤ |
| .iv | رودرما دیوی | .d | کشمیر |

(A) i-c, ii-d, iii-b, iv-a
(B) i-b, ii-d, iii-c, iv-a
(C) i-d, ii-c, iii-b, iv-b
(D) i-c, ii-d, iii-a, iv-b

38. مناسب ترین جواب منتخب کریں:

دعویٰ :(A) قدیم پتھر کے دور کا انسان شکاری اور خوراک جمع کرنے والا تھا، عموماً خانہ بدوش زندگی گزارتا تھا۔ وقت کے ساتھ اس نے آگ جلانا اور جانوروں کی کھال سے جسم ڈھانکنا سیکھا۔

دلیل :(R) اس سے انسان نے فصلیں اگانا، جانور پالنا اور برتن بنانا سیکھ لیا۔

(A) A اور R دونوں درست ہیں، اور R ، A کی صحیح وضاحت ہے

(B) A اور R دونوں درست ہیں، لیکن R ، A کی صحیح وضاحت نہیں ہے

(C) A درست ہے، مگر R غلط ہے

(D) A غلط ہے، مگر R درست ہے

**CODE: 57**

39. درج ذیل میں سے کس دھات کا رگ وید میں ذکر نہیں ہے؟

(A) سونا (B) چاندی

(C) تانبا (D) کانسی

40. غلط جواب کی نشان دہی کریں:

(A) پشیہ متر شنگا، بریہادرتھ کا سپہ سالار تھا (B) بریہادرتھ آخری موریہ حکمران تھا

(C) پشیہ متر ایک قدامت پسند برہمن تھا (D) پشیہ متر نے بعد کے دور میں بدھ مت قبول کر لیا تھا

41. صحیح جواب کی نشان دہی کریں:

(I) حمزہ نامہ تصویروں کا ایک مجموعہ ہے، جسے 100 سے زیادہ مصوروں نے بنایا

(II) اصل میں حمزہ نامہ میں 104 تصویریں تھیں۔

(III) یہ مکمل طور پر اکیلے ابو الصمد کی کاوش تھی۔

(IV) اصل میں حمزہ نامہ میں 1004 تصویریں تھیں

(A) صرف I اور IV درست ہیں (B) II اور III درست ہیں

(C) Iاور II درست ہیں (D) صرف III درست ہے

42. انڈین نیشنل کانگریس میں اعتدال پسندوں (Moderates) اور انتہاپسندوں (Extremists) کے درمیان نظریاتی اختلاف بنیادی طور پر کس بات پر تھا:

(A) مذہبی بمقابلہ سیکولر سیاست

(B) سیاسی جدوجہد کے طریقوں اور سوراج کے حصول کی رفتار

(C) دیہی بمقابلہ شہری حمایت

(D) لسانی تقسیم

**CODE: 57**

43. گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935 کے حوالے سے درست جواب منتخب کریں:

(1) اس نے صوبائی خود مختاری متعارف کرائی۔

(2) اس نے آل انڈیا فیڈریشن کی تجویز دی

(3) اس نے ہندوستان کو مکمل آزادی دی۔

(A) صرف 1 اور 2 (B) صرف 2 اور 3

(C) صرف 1 (D) 1، 2 اور 3

44. درج ذیل قائدین میں سے کون "Passive Resistance" سے قریبی طور پر وابستہ تھا؟

(A) گوپال کرشن گوکھلے (B) بپن چندر پال

(C) اوروبندو گھوش (D) بال گنگادھر تلک

45. درج ذیل صوبائی سلطنتوں میں سب سے پہلے کس نے مغلوں کی اطاعت قبول کی ؟

(A) احمد نگر کی نظام شاہی سلطنت (B) خاندیش کی فاروقی سلطنت

(C) گولکنڈہ کی قطب شاہی سلطنت (D) بیجاپور کی عادل شاہی سلطنت

46. "مخفی" کس کا قلمی نام تھا؟

(A) جہاں آرا (B) روشن آرا

(C) نور جہاں (D) ماہ لقا چندا بائی

47. درج ذیل میں سے کس کا تعلق پیشہ طب (Medical Profession) سے نہیں ہے؟

(A) چرک (B) سشروت

(C) واگھ بھٹ (D) بھاسکر اول

CODE: 57

48. درست جواب منتخب کریں :

(i) اقطاع نظام کی شروعات التمش نے کی، مگر حقیقی معنوں میں اسے بلبن نے نافذ کیا۔

(ii) اقطاع کے حامل کو اقتدار کہا جاتا تھا۔

(iii) اقطاع کے حامل کو مقطیع یا والی کہا جاتا تھا۔

(iv) اقطاع ناقابلِ منتقلی تھا۔

(A) صرف i اور ii

(B) صرف ii اور iii

(C) صرف i، ii، اور iii

(D) سب درست ہیں

49. فوجی ٹیکنالوجی کے متعلق درست جواب کی نشان دہی کریں:

(A) نفتہ

(B) مسکٹ

(C) رکاب

(D) یہ سبھی درست ہیں

50. جوڑ ملائیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| i. | سکندر الثانی | a. | مغل بادشاہ شاہجہان |
| ii. | صاحبِ قران ثانی | b. | خلجی: علاؤالدین خلجی |
| iii. | بلند اقبال | c. | مغل: داراشکوہ |
| iv. | خلیفہ رب العالمین | d. | خلجی: قطب الدین مبارک |

(A) i–b, ii–a, iii–c, iv–d

(B) i–d, ii–c, iii–a, iv–b

(C) i–a, ii–b, iii–c, iv–d

(D) i–b, ii–c, iii–b, iv–d

**CODE: 57**

## Part B (Descriptive Questions)

**Answer all the four questions** **20Marks**

## Research Methodology

1. عہد وسطیٰ کے سیاح کے سفر نامے(Traveller Accounts)، عہد وسطیٰ کے ہندوستان کی تاریخ کی تشکیلِ نو میں کس حد تک معاون ثابت ہوتے ہیں؟ تنقیدی جائزہ لیجیے۔
2. آرکائیوی ذرائع اور نجی دستاویزات کی روشنی میں سب آلٹرن (Subaltern) تاریخ نگاری کی اہمیت پر بحث کیجیے۔

## History

3. ہندوستان میں ابتدائی عہد وسطیٰ سے عہد وسطیٰ تک کے سماجی و معاشی تغیرات(Transition) کا جائزہ لیجیے۔
4. مغلیہ نظمِ حکومت میں منصبداری نظام کی ساخت، افعال اور حدود پر تفصیلی بحث کیجیے۔

***